القصہ مختصر ایک تو وہ آپ ہی سپاہی پیکر قاتل گبر و مسلمان ہے دوسرے اوسکے ساتھہ اور بھی دو کافر فتنہ ناقہ بیان ہین ایک تنبولی کی لڑکی محمودہ نام اور دوسری مالی کی چپلا نام باہم سے غرض تینون آپسمین اخلاص ملی رکھتی ہین اوٹھنا بیٹھنا سونا کھانا پینا دن رات ایک ایک جگہ ہے اور اپنے اپنے ... کی بھی ہر ایک آپ مختار ہے جسے پسند کرے اوسی سے ہو کسیکو اس بات مین دخل نہین لیکن ابتک کوئی اوسکا منظور نظر نہین ہوا اور انمین نہین شہر شہر شہزادہ یہ سنکر چپکا ہو رہا اتفاقاً ایک روز آوارہ بیابان عشق ادہر ... کے محل تلے بھی جا نکلا تماشائی اوسکے گل رخسار کو بلبل وار تکتے تھے اور

اور دیوانون کیطرح اپسمین کچھ کچھ بکتے تھے اور وہ پریزاد عیشقی جہروکے سے دیکھ رہی تہی کہ شہزادہ اوس سے
دوچار ہوا عشق کا تیر دل کے پار ہوا عنان صبر و شکیب ہاتھ سے چھٹ گئی متاع ہوش و حواس لٹ گئی بیخود ہوکر گر پڑی
سہیلیان اور چیلیان دوڑکر اوٹھایا منہ پر گلاب چہڑکا عطر سونگہایا کچھ تھوڑی ہوش آیا لیکن سکتی کی سی حالت ہو رہی
اونھون نے حال پوچھا اونسے کچھ نہ بتایا حیرت کو منہ پر اوسیطرح رہتی دیا تب دلالی کھڑکی کی بیچ جہانکا
شہزادیکو دیکھا اور پریزادی سی بیتابی کا سبب دریافت کیا پہر تسلی دی کر کہنی لگی کہ ای رانی تیری
بیقراری نے تو تجھکو دیوانہ بنایا اور اضطرابی نے دامن صبر چہڑایا اتنی کیون گھبراتی ہے اور کسواسطے
اپکو دیوانہ بناتی ہے تیرے باپ نے تو بیاہ کی تجویز تجھپر موقوف رکھی ہے جسکو تو پسند کرے اوسی
اوس سے تیری شادی کریگا خاطر جمع رکہہ اس وقت اب ابلق سوار کو جسکو دیکہکر تیری حالت غیر ہوئی ہے
اگر وحشت ہی تو بھی دم سے جا نہین سکتا اور کوئی اوسکو چھڑا نہین سکتا دیکھ تو ایسے جال مین
پہنسا ہوں کہ ہل نسکے اور ایک قدم آگے چل نسکے یہ کہکر ایک کنی اوسکے حال کی تحقیقات کو
بھیجی وہ عجب ایک شوخی و طنازی سے آئی اور آتے ہی شہزادیکے گہوڑیکا شکار بند پکڑ کر کہنی لگی
تو نہین جانتا کہ یہ شہر مقتل ہو رہا ہے اور یہان عاشقون کو سولی دینا روا ہے یہان کے پریرو
تیغ نہ پلک کو تار زلف مین اوسے پہنسا لیتے ہین اور ایک نگاہ ناز سے خاک پر گرا دیتے ہین
تو کس جرأت اور دلیری سے اودھر اودھر پہرتا ہی اور بادشاہون کی محلون کیطرف دیدہ بازی کرتا ہی
بلکہ آتش کا پرکالہ ہے جو شمع رخون کے دل کو پگہلاتا ہے اور سنگدلون کی کلیجے کو موم بناتا ہے
کدھر سے آیا ہے اور کہان کا رہنے والا ہے اپنے حسب اور نسب اور وطن سے آگاہ کر تاج
الملوک اوسکی باتون سے تاڑ گیا کہ کسی پری کی بہیجی ہوئی ہے بولا ای چپکو بہت باتین نہ بنا میرے داغ دل سے
کوئی کو نہ اوٹھا اپنے کسی جہوٹ سے زخم پر مرہم لگا سن وطن میرا مطلع خورشید سے روشن تر
ہے اور نام میرا اوس سلطان سے دریافت کرلے جسکی تو بہیجی ہوئی آئی ہے اوسنے جاکر کہا کہ مجھے

مسافر مصیبت زدہ کی طرف خیال نکرے اور مجہہ سودائی پر وصیان نرکہے بلبت خوش ہوا اسنے
ہوا اوسکے پاس جا بیٹہا اور سپرکر کے خوبان جو تیرا ہو مشاطہ جان گئی کہ وطن اسکا شہر فتان ہے
اور تمام تاج الملوک عالی نسب الاحسب ہے غرض تمام حال دریافت کرکے چتر اوت سے آکر بیان کیا
شہزادہ روز پوشاک بدلتا اور اوسکے جہرہ سے بچہ ہوکر نکلتا چتر اوت اوسکے فراق سے ہو دہوین
رات کی چاندکیطرح گہٹنے لگی چند روز جہپا نہ چہپا آخرش کہل گیا یہانتک کہ بات پہنچی بہی سنا ہے
راجہ نے ایک لالہ بری ہوشیار پختہ کار بلاکی ہو شہزادے کے پاس بہیجا کہ جس کی شیشہ کا پیغام اوسکو دے اور
اوسکے دل کو ہر طرح سے لوبہانے الغرض وہ چتر سین کا پیغام شہزادیکو دیا اور اوس کل انجام
حسن بیان کیا اور سخن تمام کمال نشکو بہانا آکر تفسیر بطریف تو بعد سلام و نیاز کو راجہ کی خدمت مین
عرض کرنا کہ جو کوئی قبائی شاہی اور تاج شاہنشاہی چہوڑ کر بیچ سفر وہ فقر و فاقہ اختیار کرے اور اپنے
بیگانے سے کنارہ کرکے اوسکی اپنا کا خیال کرنا فی الحقیقت بانی نقش بنانا اور ہوا کو گرہ
مین باندہنا ہے یہ کہا اور اوسکی حقیقت کہا اور اوسنے تاج الملوک کی انکار کرنیکی کیفیت راجہ کو
چتر سین اوسکے انکار کرنے سے تنگ ہوا اور رونے سے مشورت کی اوسنے عرض کی کہ ایک بے
بے خانمان کو اگر بادشاہ اپنا مطیع کیا چاہتے تو کیا بڑی بات ہے آپ دیکہتے ہین اوسکو کس کی بات اوتہا
ہوں الغرض وہ مکار اسبات کی درپے ہوا کہ شاہزادے کو چوری کی تہمت لگا کر گنہگار ٹہرا دیتے
اور اپنا کام اوسکے ہاتہہ سے پورا نکالے سچ ہے کہ جو کوئی حکمت حکیم مطلق کی ادنا کو نافی کی نظر سے
دیکہتے تو کسی چیز کو خالی شہرت سے نپاوے اور ہر ایک شی کی نہ بضرر پایا حفظ کرے اسی غرض تماشے
خالق اصلاح کو بدن سے نسبت دی ہے پس جو حکمت کہ پانا ہے بدن سے ہو حقیقت مین صحیح ہے
غرض کہ جو صناع کی انجام پیش بین ہین لقمہ تاج الملوک کو فتح کی احتیاج ہوئی چاہا کہ بکاولی سے
ملے مقرر تو وہ پہاکا اس انجمن کا ارکیا ہے اور آج اپنے کو بالا الا وہ مقرر وال اور میں ملکا شیش نریم

جبکہ وہ پہنچوا بازار مین لیگیا جوہری دیکہکر حیران ہوگئے منہ لیجا کر خبر کی کہ ایک شخص ایسا جواہر بیچنے لایا ہے کہ ہمنے ساری عمر نہین دیکہا اور بادشاہ کے سوا کوئی بہی اوسکی قیمت دے نہین سکتا سنتے ہی خدیو سفلہ کئی جوان اوسکی ساتہہ کر دئے اور اوس غریب الوطن کو ناحق پکڑ بلایا دیکہا تو وہی شخص ہے فی الفور اوسپر چوری کی تہمت لگا کر قید کیا اور راجہ کو یہ مژدہ سنایا کہ پرندہ دام تزویر کا رفتہ گیا تہا آج قریب مین فی الحال پہر پکڑا اب یقین ہے کہ جو آپ کہینگے قبول کریگا

بیسوین داستان شاہزادہ تاج الملوک کی چترا وتی اور کہوہ مین پہر ملکی جیمن بکاولی کی

جب شاہزادے کو راجہ چترسین نے قید خانہ مین نہایت تنگ کیا کہ چترا وت سے شادی قبول کرے لیکن وہ قید کی سختیان ہرگز خاطر مین نہ لاتا تہا بکاولی کے فراق مین فریاد چلاتا تہا اور دیوار سے سر ٹکراتا تہا ایکدن وہان کے داروغہ نے راجہ کی خدمت مین عرض کی کہ وہ گرفتار بمانند مرغ نیم بسمل تڑپتا ہے رات دن خاک پر لوٹتا ہے اگر اوسے جلد آزاد نہ کیجئے گا تو خون ناحق سر پر ہوگا کہ جیتے جی مین تڑپ تڑپ کر مرجائیگا مہاراج نے اوسے کچہ جواب نہ دیا لیکن جی کو سمجہا لیا کہ دعا کر اپنی شمع جمال کا پتنگا اوسپر جو وال شاید کہ پروانہ وار پگہل جائے اور اوسکی متاع عمر جل جائے چترا وت یہ بات سنکر نہایت شاد ہوئی خانہ آپ کو آراستہ کیا حسن خداداد کو زیب و زینت سے دونا کر دیا پہر شہلا اور چپلا بہی بن ٹہن کر زہرہ و مشتری کے مانند اوس ماہرو کے ساتہ ہولین غرض تینون شاہزادے کے پاس گئین

اشعار

تہی زندان مین وہ شاہ غنچہ
سکہا فیض اوسکی آگ سی کہ
پہر آئی شا سمین کہان سے
چراغ حسن سے حق کو جلایا

وہان اوس حسن کی سیف تاتی کو دیکہا
وہ کیا کہتی ہتی زندان شمع کو پہر
کہ پیاری چاند کی جیسے جلی ہے
[illegible] سے اونکی تن سے

پیاری نرد لائی تہی جو جو
عقیق لب بہی سبکا گل تہی خوشتر
رخ گلرنگ کا وہ زرد کہانا
[illegible] شرمندہ کی مشک ختن تہی

پھر اتنا ہو نکو ہی دکھاتی بادام | عوض عنبر کی زلف عنبرین فام | رکھا سیب ذقن بہی ہاتھ کی ک | کہ اوسکا بھی مزہ وہ شوخ چکھے
بکر رکھی انار سینہ صحفی | ولطافت ہی نہی کی شرم و حیا

لیکن شہزادے کی نظر قبول وہین ہی کسی پہ نہ پڑی اور کوئی چیز اوسکے نگاہ پہ نہ چڑھی فی الواقع اگر چیز اوسکے آتش باطن تاثیر دار ہوتی تو پھر اوسکے تحفہ ظاہری خراب جاتے ساری محنت رائگان ہوتے سن ایجز رسول مقبول نے عبادت کو بادشاہ حقیقی کے لایق نہ دیکھا عجز سے کہا کہ عبادت تیری ہم ہین نے جیسی چاہیے نہین کی پھر کسکا منہ ہی کہ اپنی عبادت پہ نازان ہو بہتر یہی ہے کہ آپکو اوسکی محبت کی گھریا مین یہانتک پگھلاے کہ اکسیر کے تلے خاک ہوجائے تا شاہان کیمیا پسند کی آنکھو مین سونے سے زیادہ نظر آئے القصہ جب چتراوت نے دیکھا کہ چشم جادو اور تیغ ابرو سے کچھ نہو سکے ناطاقت ہوکر شہزادے کے آگے گر پڑی تڑپنے لگی یہانتک کہ شہزادے کے دلکو صدمہ پہنچا بے اختیار اوٹھکر اپنی ماں نے نزدیک بٹھلاتے ہی الفور خوشخبری راجہ کو پہنچائی کہ چتراوت گل مراد سے دامن بھر کر گھر مین آئے چترسین سنتے ہی الفور شہزادے کو بندیخانے سے نکال کر حمام مین بھیجا اور خلعت شاہانہ مرحمت فرمایا پھر ایک ساعت نیک دیکھکر اپنے خاندان کی رسم رسم کے موافق اس ناسفتہ [illegible] کو اس لعل کے ساتھ بیاہ دیا تاج الملوک چتراوت کو خلوتکدے مین آیا نزلا اور چپلا اپنے اپنے ہاتھ آکر کھڑی ہوئین اور ہونون نے بھی کرشمان بہت دکھلائین لیکن شہزادے نے کسی کی طرف آنکھ اوٹھاکر نہ دیکھا سر نیچے کئے بیٹھا رہا جب پہر رات گذری اوٹھکر [illegible] اور بکاولی کے مندر کی طرف چلا چند روز سے جو اوس گرفتار دام بلا کو نہ دیکھا تھا اضطراب رہتی تھی اور سر دیوار سے مارتی تھی اتنے مین شہزادہ بھی جا پہنچا دیکھتے ہی شاد ہوگئی اور سنبھل بیٹھی لیکن ہاتھ پاؤن کی مہندی دیکھ اوس رشک چمن کا [illegible] غصے سے لال ہوا دل کو صدمہ کمال ہوا طاقت خموشی کی جاتی رہی کہنے لگی واہ واہ شہزادے اتنے دنون کے بعد آئے خوب گلرنگ لائے عاشقو نکا نام تو نے ڈبو یا وفا کو داغ لگایا [illegible] عاشقی کا دم اب

کبھی نہ بہرنا اور اپنا عشق کسی سے ظاہر نہ کرنا

اسی شکل شوق پہ کیا ایما — کہ انصاف اپنی ہی چاہیں ذرا — مرا حسن گلشن نہ ہو جای سنگ — خدا کا ہو بہتر بچے تو نہ رنگ

ہیں تیہری سوکر یہیں لوٹ کے — کری عیش تو غیری کہ گھڑی — مرا اپنا پہول پہل داغ کہانے — وہ تان اور گل کو گلی تو لگانے

نعمت ہے کہ مشتاق عشق سے ملے — شب روز دستہا سوف ملے — جو عاشق ہو تو ان ہو کو دہویں مچائے — وہ تمام نشین ہو یہ شادی رچائے

ملی نام چاہت کا ای بگہہ — کہیں تیہرا ہیسی سی چاہ — اوسی ورد نظم کی سری لیں بیچ ب — کری چاہیا توصیف تاج الملوک

جو بخشش کی باندہ لو اسی نہ — لگا بیدسا کا اپنی سرو ستا — کہا ہے ترا اکسطرح تیج و سیاہ — خیال ایسی دلمیں لا میری جان

اگر چہ ہوں شہزادہ نامدار — کہ ہوں سا بندہ جان نثار — بلا شبہ ہوں کالت نہ چا — ہیں تم ایسے ہوں ملوک ای رشک ماہ

ترا گوشت او پوست سب ہے — تری نامت سہی ہیں نہ باپ کا — یہ جلوی نے دیوانہ مجھکو کیا — کہا ہوں سہی بیگانہ مجھکو کیا

مری فکر لگو جستہ سے نہیں پہاڑی نجہ — ان آنکہ ہو ہیں ایسی سمائی ہی تو — جیسی سی کوئی چیز بہاتی نہیں — نظرمیں کوئی شی سماتے نہیں

کسک پاؤں ہنسا ستہ نہیں جانکے — تقدیر ہے تجہسی یہ دل — سنتا ہے تیر کس طرح ای دلربا — یہ عاشق بدل ہوں ترا میری جان

نہیں اور تجہسی کوئی دوستی — شبی آنکہ کہیں سہا اب ہے — نہ مجہسی کبہی ہو جیو بدگمان — یہ عاشق ترا ہو دیگا با ایمان

یہ کیا وصل ہی حکم ہو کر پہ نان — جو دنیا کی نور آنکو ہیں لوٹ — تعلق نہیں اوسکی ساتہہ کچہ — مرا جینا مرنا تری ہاتہہ سے ہے

مگر کیا کروں سخت تا چاہتی — کبہی جیسا ہیں ہیں کرتا تہا — مجہی جو ہوش کہ خدائی نہتی — مگر ہے کبہی رہائی نہ تہی

نکر یا جو اسکا م تو ہیں ہیلا — تو اگر تجہکو کسطرح دیکہتا — ہیں اوس تیج خانمیں مرتا اودہر — تو اس تب کہیں نہ پہنچتی اودہر

پہنچتی نہ میری خبر تجہ تلک — نہ حالت تیری دردکی مجہ تلک — فقط اپنا ہی دیکہتا جو ضرر — تو کرتا نہ یہ بات ای سیمبر

مجہی اپنا جی ایسا پیارا نہ تہا — مگر تیرا نقصان گوارا نہ تہا — یقین تہا ری دلکو اس بات کا — جنگی نہ تھی جو ہیں سر کیا

اسی ڈر سے یہ امر میں نے کیا — مجہی ورنہ شاہی سی کیا کام تہا — پری بی یہ سنکر غضب سے کہا — بہلا جب تو انسا ہی کیوں بود تہا

کوئی بیاہ کرتا نہیں جبر سے — خدا چاہتی ہے مری صبر سے — وفا اور محبت تری دیکہہ لے — یہ دو دو نکی چاہت تری دیکہہ لے

تجہکو عشق عشق مبارک ہو — تجہی بیج جنت مبارک ہے — تجہی جیسے اسجال میں کام کیا — تجہی وفا کون ہے جے خدا

سنا اسطرح کا جو اوسنے کلام | لیا اپنا دل تھام ہوشی تمام
دم سرد بھر کر یہ کہنے لگا | دل اپنا وہ اوسکو ناخوشی کہنے لگا

پہنچی جو دیکھا اوس نے یکبار | گئی آپ میں سے وہ بے اختیار
پری پیت تجھ سے پیاری ہی | کہ دونون طرف آگ برابر لگی

مگر اوسکو وہ عاشق بیقرار | مگر اوسکے قدمونپہ پھر اوٹھایا
پہنچی یہ تحمل کچھ کر سکے | وہ تھا اسطرح اوسکا کلیجا کٹ گئی

کہ میں تجھ سے میں نہین چھپا | یہ شکوہ زبانی فقط تھا سیر
یہ منظور ہیں مجکو تیری خو | تھا ہو نہ والی میں ہنسنے لگی

وہی صلحت تھی جو تو نے کیا | ہین عورت ہون آخر مری عقل کیا
سوا تجھ سے جو مجکو وہ تو ہوا | ہو تو فدا ہی دلمین ملول

ہزار وہین گلہ اگر تیرا پیار | تو ہی جان و دل ہی یہ تیرا پیار

القصہ اسیطرح کی کلام آپس مین رہوتی رہی کہہری اور پیرست نا تھا اسطرح سے بیار ہہا القصہ تاج الملوک نے
تیار پہونچنے کا اور جمیلہ سے شادی کرنیکا ماجرا مفصل بیان کیا اور اس آئینہ کو دل سے عیاں کر دیا
بلکل دہو یا اسنے میں صبح نمود ہوئی تاج الملوک گھر گیا اور جمیلہ کی ٹانک پر سوار ہوا اسیطرح ہلا
ناغہ ہر شب مرکا شہزادی کی پاس جاتا تہا اور دن جمیلہ کے ساتھ نقل و حکایات مین کاٹتا تھا شہزادی
کی ایسی حرکات سے نہایت حیران تھی اور اپنے دلمین کہتی تھی یا الہی طرفہ ماجرا ہی کہ با وجود اس
ہیری دل کی آگ شہزادہ کی ہنسی باتوں سلگاتی ہین اور اوسکے صبر و تحمل کو جلاتی ہین تعجب ہے کہ
بیدل و دلارام ایک گھر مین ہین اور تفاوت پورب پچہم کا سا ہے ای عزیز جبتک تیری دل کی
آنکھین اغیار کے حسن کو دیکھنے والی ہین تجھی یار کی صورت نظر نہین آتی ہر چند کہ پردہ ہو پہلے خانہ
اغیار کو دلکی سر زمین سے اوکھاڑ کر پہینکدے وہی پہر گل رخسار یار کو آئینہ دل مین دیکھ سکے اگر تو اپنے
کاشانہ جو دکو نظر سے پامال دیکھے تو دونون جہان مین تنگ دلی کے سوا کچھ نہ پاوے القصہ ایکدن جمیلہ
نے شہزادہ کا اپنے باپ سے کہا اور اوسکی بے التفاتی کا سارا حال کہا راجہ نے کئی جاسوس
شاہزادے کے پیچھے لگائے تا اس بات کو جلد تحقیق کرین یہ تمام رات کہان رہتا ہے وہ اسی
تلاش مین تھے کہ اوسیوقت پہر گہر سے نکلا اور اسی مندر مین گیا رات بہر تا صبح ہونے تک یہین

محل میں داخل ہوا فوراً اونہوں نے جا کر راجہ سے عرض کی کہ شاہزادہ والا نے مندر میں صبح تک
رہتا ہے اوس سیہ دل نے کئی سنگ تراش چالاک دست و چابک دست بہیجے کہ اوسکو کہود کر پہینک
دیں اونہوں نے بموجب حکم کے اوس مندر کو بیخ و بنیاد سے اوکہاڑ کر دریا میں ڈال دیا تاج الملوک پہنچ
عادت پر جو وہان گیا تو اوسکا نشان بہی نہ پایا دیوانون کے مانند وہان کی خاک پر لوٹنے لگا اور یہ رباعی
پڑہنے لگا **اشعار** ایجان اگر کہوج تیرا پاؤن نہیں وہ مرکے وہان اگر پہنچا دیں تو کچہہ ہو نہیں سکتا ہے
کرون کیا ای کاش ہو بت خانہ میں اور سما جاؤن میں * آخر نا امید ہو کر دہاڑین مار مار کر رویا اور پہر آیا
خیر و نرتو اسکو بیقراری کی لذت اور آہ و زاری کی کثرت رہی جب اوس صنم کے وصل سے بالکل
مایوس ہوا رونیکا بہی حاصل نہ دیکہا چتراوت کی جادو بہری باتون پر دہیان کیا غرض نسیم وار اوسکی
غنچہ امید کو شگفتگی اور پشیمان وصال سے اوسکی صدف آرزو کو پر گوہر کیا * بیسوین

داستان بکاولی کے پیدا ہونیکی ایک کسان کے گہر میں اور تاج الملوک اور چتراوت کے ملنے میں اور پہنچنے میں ملک نگارین کے

کہتے ہین کہ اوس بتخانہ کی زمین کو ایک کسان نے جوتا اور وہاں سرسون بوئی تاج الملوک کبہی کبہی اوس
سبزہ کو دیکہنے جاتا تہا اور اپنے دل بیقرار کو وہان کے سبزے سے تسکین دیتا تہا جب وہ پہولی اور
اوسنے بہار پیدا کی تب شاہزادہ دونون وقت وہان جانے لگا اور یہ رباعی پڑہا کرتا کیا بات تیرا بابا سے
کہو تو بہولو آتی ہی مجہی عشق کی اس بات سے بو تمکو ہمین ہی اسلئے پوچہتا ہون * گلشن سے مری کچہ بہی خبر رکہتے ہو
القصہ وہ کہیت پکا اور کسان نے کاٹ کر اوسکا تیل نکالا اور سب کسانونکا چلن یہ ہے کہ جو چیز کہیتون کی اوگتی
ہے اوسکو پہلے آپ کہاتے ہین اسلئے وہ اوسکی جورو کے کہانے مین آیا باوجودیکہ وہ بانجہہ تہی خدا کی
قدرت کاملہ سے حاملہ ہوئی اور نو مہینے کے بعد لڑکی پیدا ہوئی کسان کا گہر جو بے چراغ اندہیرا تہا *
اوس شمع کے پرتو سے روشن ہو گیا ہر طرف دہوم پڑی کہ ایک بانجہہ کے گہر سورج نکلی

تاثیر سے ایک لڑکی نہایت حسین ایسی پیدا ہوئی کہ اوسکے حسن کی تحریر و تقریر کسی سے نہیں ہوسکتی
منہ کی چمک نے چودھوین رات کے چاند کو ماند کر دیا جب چودہ برس کی ہوگی تب سورج کو بھی داغ دیگی
رفتہ رفتہ یہ بات تاج الملوک کے بھی کان تک پہونچی جانا کہ یہ تاثیر اوسی سرسون کی ہے کسان کو
اوسکی بیٹی سمیت بلوا بھیجا جونہین نظر اوس لڑکی پر پڑی اوسکی شکل اپنی معشوقہ کی مطابق پائی نہایت
شاد ہوا سمجھا کہ یہان اوسنے جنم لیا ہی بہتسے روپے اوس کسان کو دیکر رخصت کیا کہ اس لڑکی کو
بخوبی پرورش کر جب وہ سات برس کی ہوئی ہر طرف اوسکی شادی کے پیغام کسان کو آنے لگے
لیکن وہ اس اندیشے سے کہ شاہزادے نے پرورش کیواسطے تاکید شدید کی تھی خفا ہو جاینگے
آگے اونسے کیا منظور ہے کہ بیجان پہچان پر اپنے سب کو منع جواب دیتا اور بہانہ یہ کرتا تھا کہ جسوقت
وہ سیانی ہوگی جسے پسند کریگی اوسکے ساتھ بیاہ دونگا قصہ مختصر جب اوسنے دسوین برس مین
پاؤن رکھا تاج الملوک نے اوس دہقان کے پاس ایک مشاطہ کی ہاتھ یہ پیغام بھیجا کہ اپنی لڑکی کی
شادی مجھسے کر دے یہ سنکر وہ بیچارا کانپنے لگا کہ مجھ غریب عاجز کا یہ منہ کہان کہ بادشاہ کی
داماد کو اپنا داماد کرون اوسکا آخر یہی پہل ہوگا کہ میری بیٹی لونڈی ہوکر رہیگی نہ ایسا افسوس ایسی
مہاسنار کو راجہ کی بیٹی کی جیسی بیاہون اور اوسکے آگے سے کمواون یہ سنکر لڑکی نے کہا سنو بابا
یہ انام کا دل ہے مین سچی ہون تم ایسی اندیشے نکرو سنطلقی خاطر جمع رکھو کچھ وسواس نہین کہ کل
نیلین کی جگہ آخر میرے ہی اور وہ بے بیاہ کا مکان شاہون کا نہ سے تم شاہزادے سے کہلا بھیجو کہ چندی اور ٹھہر جاؤ
تو وقت کسان بیچارا چپ ہو رہا مشاطہ نے آکر سب ماجرا حضور مین عرض کیا تاج الملوک سنتے ہی
اپنے خوشی کے دن آخر ہوئے سارا غم و الم بھول گیا اور اوسکو بہت سا انعام دیکر رخصت کیا جب
بکاولی کے نحوست کے دن آخر ہوئے سیکڑون پریان چارون طرف سے وہان آئین اور سمندر ہی سے
پوشاک پہنکر بیش بہا جواہرات بیش قیمت لیکر تخت زرین پر آکر حاضر ہوئی بادشاہزادے کی

بیٹے نے کہا پتا جب میں تھی چلی ماں باپ سے کہا کہ میں اتنے دنوں تمہارے گھر مہمان تھی اب رخصت
ہوتی ہوں باپ کا ہاتھ پکڑ کے اوسکے مکان کے پچھواڑے لیگئی اور اشرفیوں کا دیگچہ کہ کسی نا بیکا گڑا ہوا
تھا دیا کہ اسکو نکالکر خرچ میں لاؤ پھر رخصت ہوئی اور تخت پر سوار ہو بیٹھی پریان فی الفور اوسکو اوٹھا کے
لے اوڑین اور جس جگہ کہ تاج الملوک چتراوت اور سرملا اور چمپا کو لئے بیٹھا تھا آکر اوتریں بکاولی نے
سب کو وہیں چھوڑ آپ اکیلی اندر گئی اور چتراوت کا ہاتھ پکڑ کے بہنوں کیطرح مارے گلے لگ گئی وہ
اوسکی سج دھج دیکھکر بیحواس ہوئی کہ مسند سے اوٹھ بیٹھی پھر بکاولی نے تمام اپنی سرگذشت شہزادے سے
کہی اور اوسکی منت بہت چتراوت سے کی کہا کہ میری جان اگر شہزادہ کی خاطر منظور ہو تو بسم اللہ اوٹھ کہ گھری
تمہارا گھر ہے کچھ اندیشہ نکرو چتراوت نے کہا کہ میری جان شہزادہ کے ساتھ سے پھر اس جسم
خاکی کو کیا ذکر نہ سکوں کی بدل جان ہوں اوسیوقت بکاولی نے پریوں کو اشارے سے کہا کہ تم ظاہر ہو
نقل کرتے ہیں کہ جیا پھر زمین سنگلدیپ کی پریوں سے خالی نہ رہی شہر میں دھوم مچ گئی لوگ گھبرائے
یہانتک کہ راجہ مضطرب ہو کر بیٹی کے محل میں دوڑا آیا دیکھتی ہے اوسکو شہزادہ
استقبال کیواسطے اوٹھ کھڑا ہوا چند قدم بڑھا اور اپنی مسند پر بیٹھایا پھر اپنا اور بکاولی کا
احوال مفصل کہکر سنایا پہلے تو بہت ساکڑھا پھر نہایت خوش ہوا اور چتراوت کا ہاتھ پکڑ کر
بکاولی کے ہاتھ میں دیا اور کہا کہ یہ میری اکلوتی بیٹی ہے تیری پرستاری کیواسطے دیتا ہوں توقع
کہ اسپر نظر مہربانی رکھیو اور اپنی لونڈی جانیو یہ کہکر رخصت کیا تاج الملوک تخت پر سوار ہوا بکاولی اور
چتراوت داہنے بائیں بیٹھیں اور سرملا اور چمپا اوسکے سامنے پھر پریاں تخت کو لیکے اوڑیں باتوں کی
باتوں میں تاج الملوک کی ڈیوڑھی پر جاکر رکھدیا بکاولی و چتراوت محل اندر گئیں زین الملوک نے وزیر کا بیٹا
بہرام نام ملک نگارین اور باغ اور قصر کا علاقہ اوسیکا تھا نذر دیکر وہاں آیا اور آپ چلا آکر اپنا نام و نشان
بتایا تاج الملوک نے اوسپر بہت سی نوازش فرمائی نذر لی خلعت دیا پھر وہ لکھنے میں داخل ہوئی ولیعہد

محمودہ دیکھتی ہی شہزادے کو نہایت شاد ہوئین پھر بکاولی اور حیرت سی خوشی خوشی ملین

چھبیسوین داستان تاج الملوک کی نامہ لکھنی مین فیروز شاہ اور مظفر شاہ اور زین الملوک کو اور انکے آنے مین اونکی تاج الملوک کی ملاقات کو اور روح افزا پر عاشق ہونا بہرام کا

مصور نگارستان عشق کا اس داستان کی تصویر صفحہ کاغذ پر یون کھینچتا ہون کہ تاج الملوک نے فیروز شاہ اور
مظفر شاہ اور زین الملوک کو مژدہ اپنے پہنچنے کا لکھ بھیجا اوسکو پڑھکر ہر ایک کا دل تر و تازہ ہوا چنانچہ
فیروز شاہ نے مع جمیلہ خاتون بڑی جاہ و حشمت سے سرستان کیطرف کوچ کیا اور مظفر شاہ حسن آرا
اور روح افزا کو ساتھ لیکر اوسی تجمل سے روانہ ہوا اور زین الملوک بھی خاص محل کو ہمراہ لیکر بڑی کر و فر فوج اور
لشکر سے چلا غرض تھوڑے دنون مین ملک نگارین مین آ پہنچے اور اوسکے گرد و نواح مین انسان اور
پریزاد کی ایسی کثرت ہوئی کہ تل دھرنے کی جگہ نہ رہی بارے تاج الملوک اور بکاولی کے دیدار سے
سب مسرور ہوئے اور ہر ایک کی دل سے رنج و الم دور ہوئے تین روز تک جشن رہا ناچ راگ و نشاط
ہوا کیا چوتھے دن ہر ایک شاہ و حرم رخصت ہو کر اپنے اپنے ملک کو روانہ ہوا مگر بکاولی نے روح افزا
کو نہ چھوڑا کہ چند روز اور بھی اسکی صحبت سے حظ زندگانی اوٹھائے اور ایام جدائی کی سختیان سب دل سے
بھلا دے عقیق کا دالان اوسکی خوابگاہ کیواسطے مقرر کیا وہ پری ہیکل اوس حور سرشت کی ساتھ
پہر رات گئی تک سرگرم گفتگو رہتی تھی پھر خوابگاہ مین جا کر سو رہتی تھی ایک بات کی نقل ہے کہ روح افزا
چوٹی سوتے مین کھڑکی کے باہر جا پڑی تھی اوسکے موباف مین ایک گوہر شب چراغ چمک رہا تھا بہرام بھی
اوسی وقت چاندنی کی سیر کرتا ہوا ادھر جا نکلا نگاہ اوسپر جا پڑی پہلے تو سمجھا کہ کالا ناگ من منہ مین
لیے جھولا جاتا ہے پھر غور سے جو دیکھا تو معلوم کیا کہ کسی کی چوٹی مین لعل چمکتا ہے جیمین سوچا کہ شاید
بکاولی یہان سوتی ہو اور اوسکی چوٹی لٹک پڑی ہو لیکن دل اوسکا تمام رات پیچ و تاب کہاتا رہا آخر صبح اوسکا
صبح سمن رو سے پوچھا کہ فلانے مکان مین کون سوتا ہے اوسنے کہا کہ وہ روح افزا کی خوابگاہ ہے

سنتے ہی اوسکے عشق کا سودا بہرام کے سر مین پیدا ہوا اور اوسکی زنجیر زلف ڈہونڈہنے لگا چنانچہ دوسرے دن آدہی رات کیوقت کمند مارکر اوس مکان مین جا کر اوترا اور دالان کے اندر بیتابانہ چلا گیا دیکہتا کیا ہے کہ وہ رشک زہرہ ایک سونیکے پلنگ پر ناز سے سوتی ہے یہ کیفیت اوسکی دیکہکر کیفیون کی مانند سو گیا اوسنی تو کبہی اوس شراب کو چکہا تہا اوسکا نشہ سنبہال نسکا بدمستون کیطرح اوس پری پیکر کے قدم سوکر چہاتیان لینے لگا فورًا اوسکی آنکہہ کہل گئی دیکہا کہ بہرام ہے اگرچہ اوسکا عشق اسکے شیشۂ دل کو چور کر چکا تہا لیکن اتنی چالاکی اور بیباکی اوسکے طبع نازک کو خوش نہ آئی بہت سا جہنجہلائی آخرش طمانچے مارکر ایسا دہکا دیا کہ کہڑکی سے گر پڑا اور زار زار روتا ہوا اپنے گہر چلا گیا صبح ہوتے ہی روح افزا نے جانے سے رخصت مانگی اوسنے ہر چند سماجت اور منت کی کہ چند روز اور بہی رہو روح افزا نے نمانا اسواسطے کہ اگر رات کی بات ظاہر ہوگی تو بکاولی مجہی ہنسی مین لیگی اور چہیڑیگی آخرش نہ ٹہہری اور جزیرہ فردوس کی راہ لی لیکن بہرام کے عشق سے دلکو چین سے نہ بیٹہتی تہی اور رات کو ایکدم آرام سے نہ سوتی تہی بلکہ اکثر اوقات شمع فانوس کے مانند روتی تہی اور ساعت بساعت سموم غم سے مرجہاتی تہی اور اپنی آنکہون مین گہڑی گہڑی آنسو بہر لاتی تہی سچ ہے کہ جو کوئی دیدۂ غور سے ملاحظہ کرے تو عشق کی بیتابی معشوق مین زیادہ دیکہی یہ وہ گروہ ہے کہ کسی کے گلے مین کمند عشق ڈالکر دور سے اپنے حضور مین کہینچ لے اور کسیکو فلاخن ہجر سے دور پہینک دے

چہلیسوین داستان بہرام کی جزیرہ فردوس مین پہنچنے کی [illegible] دیو سے اور روح افزا کے ملنے مین بنفشہ کی تدبیر

کہتے ہین کہ بہرام روح افزا کے فراق مین یہانتک نحیف ہو گیا کہ دبلاپے سے آنکہون مین حلقے پڑ گئے لیکن اس بات کی سمن رو کے سوا کسیکو اطلاع نہ تہی چنانچہ وہ مدام اوسکو نصیحت کرتی کہ اے بہرام اس خیال سے درگذر اور دل سے یہ اندیشۂ فاسد دور کر کیونکہ غیر جنس کا شجر محبت سوا فراق کے کچہ ثمر نہین دیتا خاک مین ملا دیگا

دوستی جس سے چلیتہ حاصل کی اور اضطراب جسکو رہی اور ناچ ایک پری کی تجہی دیکھہ اور دور دو سہو تاج
الملوک کی بات پر پہنچا کہ نادر ہے یہ اتفاق ہوگیا کہ بکاؤلی کی طبیعت و سیر آگئی والا آدمی اور بہی بہن کہا
مناسبت لطیف اور کثیف مین ملاقات کی کون صورت لیکن بہرام چکا ستا کرتا تہا کچہ جواب نہ بنتا تہا
تب یہ تہا بہت نصیحت کرتے ہونا خوش تم اتنی نہین جانتی کہ زنگی سے سیاہی ہی جب سمن رو نے دیکہا
کہ خار عشق بہرام کے جگر مین ایسا چبہا ہے کہ اوسکا نکلنا بہت دشوار ہے کہا ای خود فراموش اس مہم
مین مجہہ سے تیری امداد اور تو کچہ نہین ہو سکتی لیکن اگر تو کہے تو مین جزیرۂ فردوس مین تجہی پہنچا دون
پہر آگے تیری قسمت ہے وہ اسباب پہنچنے کی خوشی راضی ہوا تب سمن رو نے اوسکو زنانے کپڑے
اور گہنا جسقدر مناسب تہا پہنایا بہرام امرد تہا ہو بہو ایک رنڈی پری پیکر بنکر اور چلا پہر اوسکا
ہاتہہ پکڑ کر جزیرۂ فردوس کو لی اوڑی اور ایک منہ بولی بہن کے گہر مین کہ اوسکا نام بنفشہ تہا اور وہی مشاطہ
روح افزا کی تہی جا کر اوتری وہ سمن رو کے آنے سے نہایت مسرور ہوئی اور پوچہنے لگی کہ یہ جوان لڑکی
تمہارے ساتہہ کون ہے اوسنے کہا کہ میری وہی بہن ہے اسکا جی اس سرزمین کی سیر کو بہت چاہتا تہا
اسواسطے مین تمہارے پاس لائی ہون اسے خوب طرح سیر کراؤ تماشے دکہاؤ اوسنی کہا بہت اچہا انکو بسر و چشم
پہر سمن رو رخصت ہو کر بکاؤلی کے پاس آئی اور بہرام بنفشہ کے گہر مین رہا وہ اوسے دنیا کی نعمتین کہلاتی تہی
اور جہر باغ سے وہ لیکر ایک باغ مین لیجاتی تہین اور سیر دکہاتی تہی شام کیوقت گہر لاتی تہی پہر اپنی
مشاطگی کا اسباب لیکر صبح افزا کے مکان مین جا کر حاضر ہوتی تہی اسیطرح چند روز گذرے ایک روز بنفشہ
کہین گئی تہی بہرام نے جو گہر خالی پایا اوسکی مشاطگی کی اسباب مین آئینہ نکالا کر اوسکی پشت پر یہ لکہا

روشن تہا یہ کچہ صبح نکو کی آئینہ	تہ بیان ہوئی ہے آنکہ سے کیا رہی کی آئینہ	مشاطہ ہی تو سمجہی کا ادب	اچہا ہی جب تلک زلف کی آئینہ
غیرت سے تجہی پہر کہ ای حور بہشت	کیونکہ دیکہا پہ جان بتا آئینہ	سر کہہ تجہہ سی ہی کسی طرح	نظر تلک لیکر صبح وجوہ آئینہ
	آئینہ ایکدم نہ ٹہہرتا سبی	بانکپن سی لب ہی زہ کی آئینہ	

غرض بنفشہ اپنے وقت پر مقابہ اور سنگار ادا کی لیکر روح افزا کے پاس جاکر حاضر ہوئی پہر کنگہی اور چوٹی کرکی
آئینہ جو اوسکے ہاتھہ مین دیا شہزادی کی نظر جو اوسکی پشت پر جا پڑی نوشتہ دیکھا اور یاد اوسکو
اوسکے معلوم کیا ہر چند یاقیم اوسکا بہرام کے سوا کوئی نہین لیکن اسبات کو اسطرح دریافت کیجئے تا اوسکے
انکا یقین ہو جائے اور وہ خدشہ دلمین نرہے مشاطہ سے یون مخاطب ہوئی ای بنفشہ وہ چیز ہمیشہ ہے
ودیکھا ہے اور وہ شے جو مدام غم کے ساتھہ ہے کون شے ہے اوسنے ہر چند غور کیا لیکن جواب
معقول نسوجہا عقل کی کہ اسکا جواب لونڈی کل دیگی اوسوقت سنا کیجئے کیونکہ گہبرائی تہی اسس
پہیلی کی بوجہنے مین نہایت متفکر تہی اوسکی گہبرائی صورت بہرام نے دیکہکر پوچہا کہ آج اتنی کیوں
کیوں ہو تب بنفشہ نے سوال روح افزا کا اوسکے سامنے بیان کیا اور کہا مجھکو اسکے جواب مین کچھہ نہین سوجہتا
یعنی اور سا بکیم مطلق کا نیرنگ دوام ہے اور شادی غم سے وابستہ مدام ہے بہرام نے یہ سنکر کہا اس
سوال کا یہ جواب ہرگز نہین بلکہ یہی حسن عاشق کے منہ پر معشوق کے ہاتھہ کی طمانچی لگے ہین وہ ہمیشہ خوش
ہے اور مدام ناخوشی سے انکا کام وہ ہے کہ جسکا مطلوب محبوب ہے اور وہ ہر ایک کو اپنا محبوب سمجھتا ہے
نقل مشہور ہے کہ مجنون سے پوچھا کہ خلافت پیغمبر کی بعد خلفای راشدین کی حق کسکا تہا اوسنے
جواب دیا کہ لیلی کا القصہ بنفشہ نے اوسکا جواب یاد کیا صبح کو روح افزا کی حضور مین جاکر عرض کیا
سنتے ہی اوسکو بہرام کے آنیکا یقین ہوا اور بنفشہ سی پوچھنے لگی سچ کہہ یہ جواب کسنی دیا اوسنی ہر چند کہا کہ انکو
میرے ہی خیال مین گذرا تہا لیکن ہی کی ہرگز نمانا بنفشہ نے مجبور ہوکر کہا کہ سمندر ہی اپنی منہ بولی بہن کو اس
سرزمین کی سیر کے واسطے میری گہر مین چہوڑ گئی ہے اوسنی یہ جواب مجھکو سکہایا ہے روح افزا
نے کہا اوسکو ہمارے پاس کبھی نہ لائی بہلا آج تو اپنے ساتھہ لے آئیو ایک نظر مین بھی دیکھوں اوسنے
کہا بہت اچھا اوسکی اور میری دونوں کی سعادت ہے چنانچہ شام کے وقت بہرام کو پہنا اوڑہا کر
اپنے ہمراہ لیگئی روح افزا نے دیکھتے ہی پہچان لیا کہ بہرام ہے لیکن اغماض کیا اور کچھہ متوجہ ہو

وہ سمجھا کہ اسنے ابتک مجھے نہین پہچانا شاید اینی کی پشت نہین دیکھی اور میرا لکھا ملاحظہ نہین کیا قصہ کوتاہ جب
بنفشہ چوٹی گوندہ چکی شہزادی نے آئینہ مانگا بہرام نے جلدی سی اوٹھاکر پشت کیطرف سی اوسی دکھایا
وہ نسخہ دیکھتے ہی بی اختیار کھلکھلا کر ہنس پڑی اور بنفشہ سی کہنے لگی کہ ای تمہاری بہن نہایت کوڑھ ہے کہ ابتک
آرسی کی پشت و رو نہین جانتی آجکی رات اسی یہان چھوڑ جاؤ ہم اسکے ساتھ ہنسین بولین چہلین کرینگے اوسنے
عرضکی بسر و چشم یہ کنیزین خوشی اور اوسکی بہرا سر افرازی یہ کہکر وہ تو اپنے گہر آئی اور یہ دلارام کی خلوتخانہ مین
سلا لیگئی اگر بہرام زنانہ لباس پہنتا تو ہرگز اپنی معشوقہ سے اتنا جلد نہ ملتا اور اپنی مطلب کو نہ پہنچتا فے
الواقع جو عاشق کہ معشوق کا رنگ پکڑتا ہی معشوق خود عاشق اوسکا ہو جاتا ہے چنانچہ پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم نے بھی اس وضع کا الزام فرمایا ہے حاصل اسکا یہ ہے کہ خصائل خدا کی پیروی کرو تا قربت
اوس سے حاصل ہو جب امور عالم کے انتظام دینے والون نے نقاب ظلمات سے چہرہ روز کو چہپایا اور
چادر مہتاب کا فرش نورانی سطح زمین پر بچھایا روح افزا بیدین کی مجلس سے اوٹھکر خلوتسرا مین آئی بہرام کو
چہپا لیکر بیٹھی اور اتنا صورت نے اجنبیون کیطرح سررشتہ سخن کا نکالا کہو بی تمہارا نام کیا ہے اوسنے
کہا کہ جو نرگس وہ نام تو مجھسی کب کا چھوٹ چکا ہے تیری نام کے سوا کچھ یاد نہین شہزادی نے پوچھا
یہان کسواسطی آئی ہو جواب دیا کہ پروانے کے آنیکا سبب شمع پہ بخوبی روشن ہو اتنی پوچھا چاہئیے بہرام کی
ایسی ایسی باتون سی تو بہت محظوظ ہوئی لیکن ظاہر مین ترش رو ہوکر بولی ای مکار ای عیار تیری
باتون ہی مین نے پہچانا کہ تو رنڈی نہین بلکہ مرد ہے جو بہکل نکالکر یہان وارد ہوا ہے ناموس کو برباد کیا
دیکھہ تو اس مردکی بیکی کیسی سزا دیتی ہون اور بدمعاشی کا بدلا کیسا لیتی ہون مجہ ناکردہ کار عیش اور فسق سے جو اوس
حلاوت سے واقف نہ تہا ناز و نیاز کے بھید اوسپر کہلے تہے اوسکے علاوہ ملاپ کا صدمہ آ سکے او ٹہا
چکا تہا وہ ناز کی باتون کو سچ سمجھا یقین ہوا کہ اب پہرا کہا ہاتھ لگا اور نکالا جاؤنگا ماری ڈر کی تہر تہر
کانپنے لگا اور اس شعر کو پڑھکر بیہوش ہوگیا شعر قتل کم تیری آگے مرنا بہتر کہ نہ وہ زندگانی پہر تو پرسیدہ سہم گئی

کہا واقعہ ہے اسکی جانپر آبنے اور جفا کارونمین میرا نام لکہا جائے بے اختیار دوڑ پڑی اور سر اوسکا
اپنے زانو پر رکہکر رخ گلفام کی بو بیانتک سونگہائی کہ اوسکو پہر ہوش مین لائی الغرض اگر اپنی تو عقل کو
کامنون سی زیادہ نہ جہکائیگا تو تجلی یار سی فایدہ نہ پائیگا اگر تو یہ ہستی موہوم نہ چہوڑے تو حباب ایک
کب تیری پاس آئی جو راہ عشق مین آبسے نہ گذرا وہ منزل مقصود مین کب پونہچا القصہ جب آرام نے
جو آنکہہ کہولی تو اپنا مرتبہ بہ رنگ گل دیکہا اور محبوبہ کا مثل بلبل ماری خوشی کی پہول گیا اور کلی کی طرح کہل پڑی
پہول گیا پہر تو پی کہتکی ایسے ہونٹہہ کہ شاید گلبرگ تہی اوسکے دہن سی کہ غیرت غنچہ یاسمن تہا ملا اور خوب لی
مزی اوڑائی ازبسکہ وہ گل چمن کی اشتیاق مین بہری ہوئی تہی آپکو روک نسکی کہ ہی کئی آخر نسیم نے کلی کو
بنایا اور آپس مین نئی نئی طرح سی لطف اوٹہایا روح افزا کا جی لگا کہ ایکساعت اوس سی جدا نہو اور مشورہ ہوا
پہر یہ ارادہ کیا کہ اسکو حرز جان کیطرح گلی سی لگائی رکہی کہ دشمنونکی نظر سی چہپائی کبھی آخر ایک طلسم اوسکی
گلی مین باندہا اور قمری بنا کر ایک سونیکی پنجرے مین رکہا پہر تو وہ سرو گل اندام روبرو لٹکائی رہتی تہی رات کو پنجرے
نکال کر پہر آدمی بنائی تہی اور صبح تک اوسکی صحبت سی انواع و اقسام کی کیفیتین اوٹہاتی مدت اسطرح گذری
اور یہ بات چہپی رہی آخر عشق اور مشک بند نہین رہتا کچھ بو باس بہائی حسن آرا تک پونہچی ایک دن
نور کی تڑکی اوسکی من گن لینی آئی جب روح افزا کی پاس آ نکلی دیکہا کہ اوسکی زلف شکین کا طور اور سے
سیب زنخدان کا رنگ اور ہے نسرین رخسار کی نکہت گل سی اور نرگس محجوب کی کیفیت جام شراب دیکہی
چولی کی حالت اور طرح کی پائی اور انگیا کی صورت کچہ اور ہی نظر آئی سمجہی کہ اسکا یاقوت لب کسی الماس سے
مقدر کندہ ہوا ہے اور جیونکا نیا ہم کا بلاشبہ اسکی تہنچے کو لگا دوڑ کر غصے سے ایک دوہتڑ پیٹہ مین مارا
اور کہنے لگی اری علامہ گل کا نام ڈبو یا کیا غضب کیا تو نے کنوارپنے مین کس سے آنکہہ لگائی تجہی غیر مرد سی
حیا نہ آئی حیف تیری زیست پر چہنی بہر پانی مین ڈوب مر تیری رسوائی کا نقارہ بج گیا تو نے باپ کا نام خوب کیا
سچ بتا کہ یہ ماجرا کیا ہے نہین تو تیرا گلا گہونٹ ڈالونگی اور جیتا نہ چہوڑونگی روح افزا اسکی ڈر سے تہر تہرا گئی

تھی اور کہتی تھی اماں مجھے تمہاری سر کی قسم جو مین نے کسی مرد کو بھی دیکھا ہو تو آنکھین پھوٹین یہ فقط
تہمت ہی اور مصداق بندش ہی تم کیسی ماں ہو کہ بیٹی کو عیب لگاتی ہو اور لوگون کے کہنے سننے پر جاتی ہو غرض
وہ نہ مانی ہر چند سخت سخت قسمین کہائین اور بہتیری باتین بنائین گلاوتی بار نہ کیا بلکہ درپے ہوئی کہ چور نے
اس گھر مین کو نقب دی ہی اوسے پکڑا چاہیے اور اسی طرح شہر آکو پہنچا ہے شہزادون جاسوسون عیارون نے
زمین و آسمان کو ڈھونڈ مارا لیکن کھوج نہ ملا [illegible] تو عرش پر کسکے ڈھونڈنے کا
ارادہ رکھتا ہے جو تیرے خانۂ دل مین ہی اوسکی تجھے خبر نہین واہ واہ وہ کا دہیان اور تشر دیکھ
آپسی انجان شعر کون ہی گھر مین جب اتنی بھی نہین تجکو خبر تو پھر تو کیا جانے کیا ہی اوج بام
چرخ پر ۞ القصہ حسن آرا نے حسب [illegible] روح افزا کی خواصون کو دہمکایا اور ظفر شاہ کے غضب
ڈرایا جب ایک شخص کہ اوسکا نام گلرخ تھا اوسکی نزدیک آکر یون گویا ہوئی کہ اس طلسم کا بھید پھیر
کیونکر کھلے وہان تک [illegible] دیدہ بان بنا شعر اوسکی منہ کے دیکھنے کو دیدۂ دل چاہیے چشم ظاہر بین
ہماری دید کرسکتی ہے کب ۞ لیکن انہون صاحبزادی صبح و شام اس فکر سے مشغول رہتی تہی
اور اوسکے پیچھے پڑا اکہ دم آنکہ ہی او جہل نہین رہتی ظاہر مین تو پردہ ہی اور باطن کی ہکو خبر نہین بس اپنا
[illegible] قیاس اتنے نہین اور سکتا مگر اور تو پتا چاہتی سے انسکی نسبت سمجھے سے اسی نادان سبب
[illegible] روح سبزہ زار دنیا کی سیر کرتا ہے جب تک یہ مرغ طلسم ظاہر اسکے گلے مین پڑا ہی اور قفس وجود
مین طوق بندگی اوسکا گلوگیر ہے چشم ظاہر مین مشت خاک کے سوا کچھ نہین دیکھتی جسدن یہ طلسم ٹوٹ گیا
[illegible] اوسکی کھل جائیگی کہ وہ کون ہی اور یہ [illegible] کیا ہی چنانچہ رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بھی
فرمایا ہے [illegible] حال ہی آگاہ ہونگے وجود مطلق ایک دریا ہی اور ہر موجود مثل حباب ہی
[illegible] سوا کچھ نہین [illegible] اصل تو ایک ہی لیکن فرق مرتبہ کا
[illegible] حباب [illegible] کوئی [illegible] حباب اور [illegible] تو قبلہ کہتی ہین اور [illegible] کو نقش چشم کو وہ

اور جنت کو بہشت شعر ہر مرتبہ ہین اور ہی حکم وجود کی زندیقی ہی جو حفظ مراتب نکرے تو وہ اعمی
مسئلہ وحدت وجود کا مشکل ترین مسایل ہی جو بہتیری اس بحث تحقیق مین لگ کر مذہب جبری کے بہنور مین جا
پہنسے اور اکثر مسلک دہری کی گرداب مین ڈوبے ہادی یہان فضل الہی اور کرم رسالت پناہی کی
ستاروں کی نہین حقیقہ کوتاہ سخن آراستہ روح افزا کی لٹ تماشا گاہ مین جا پہنچے تو او تار اسیا
اور اماوہ لیوا شفقہ کا لیا روح افزا اوسکو شاہین کے چنگل مین دیکھکر کلیجہ پکڑ کر بیٹھ گئی نسی تو مارے
محاذی اول نسکی پہ مطالبہ روح قفس تن مین تڑپنے لگا پر خیال پر یا لیکن قضا و قدر کی ہاتہہ سی چھوٹا
غرض اوس لی پرورہ روح قفس لے اوڑی اور مظفر شاہ کی روبرو اوسکا پنجرہ جا کر کہہ یا شاہ فی نکالکر اوسکے
بال پر تمام ڈورے آتشی کا پیچ ہاتہہ پڑا تو ایک تعویذ بندہا نظر آیا اوسکو کہولا بہرام آدمی ہوگیا حاضرین
مجلس سخت متعجب ہوئے شاہ آتش غضب سی جلکر کباب ہوگیا اور کہنے لگا ای بذات نابکار تو غضب
سلطانی سی نہ ڈرا اور اپنی جی مین کچہہ نسوچا سچ کہہ اس صیاد مین تجہی کون لایا اور بادشاہون کی محل
تک کسی پہنچا پایا اس گستاخی اور بی پروائی کا ثمرہ تو ہلاکت کی سوا کچہ نپائیگا اور اسکی سزا میں جان
جائیگا بہرام بولا عاشقونکا سینا جذبہ اشتیاق ہے اور انہین کی ہمنوا تکلیف مالا یطاق ہی عشق کی
وہ نتیجہ نہین کہ تو کی آپ کو پاؤن مین ڈالے اور باختیار گرفتار ہو عاشقون نے رشتہ رشتہ
اختیاری توڑا ہی اور بی اختیاری سے جوڑا ہے جسنے زندگی سی ہاتہہ دہوئے اوسے موت سے
کیا خطرہ ہے اور جان گئی کیا پروا ہے مگر حسرت مدام جی مین رہیگی اور گور مین جب خون اگہولیگا
ہے کی شعر موت سی ہرگز نہین ڈرتا مجہے غم ہے کہ اب گلگشت کی وجہ سے محروم مین رہجاؤنگا
آخر مظفر شاہ کا شعلہ غضب بہڑکا کہ لوگون سی فرمایا اس آتش کے پرکالے کو جلد شہر سے دور
لیجاکر آگ مین ڈالدو اور جلاکے سیاہ کردو اتفاقاً تاج الملوک و بکاولی گلستان ارم کی سیر کو آتے
جس مقام سے جزیرہ فردوس دیکھ جاتا تہا وہان پہنچے جی مین آیا کہ چلو روح افزا کو بہی دیکہ آوین او

دونون وہانکی بہی سیر کرین القصہ جزیرہ فردوس کیطرف پہرے اور وہان آنکلے جب ان نہایت آتشکدہ
لکڑیون کا انبار لگا تہا اوسپر بہرام اوسپر بیٹہا تہا بلکہ چارون طرف سے آگ دیچکے تہے جو ہین بکاؤلی نے لوگونکی بہیڑ
دیکہی اور آگ بہڑکی ہوئی اوسی نظر پڑی اوسوقت اپنا قریب لیجا کر پوچہنے لگی کہ یہ کیا ہنگامہ ہے کوئی بول اوٹہا کہ روح افزا کے
عاشق کو جلاتے ہین سنتے ہی اسباب کی تخت سے اوتر کر آگے بڑہکر دیکہا دیکہتی ہے کہ بہرام ہے فی الفور بکاؤلی نے کہا
جلد اس آگ کو بجہاؤ اور اس جوان کو نکالو اگر اسکا ایک بال بہی جلا تو سبکے تئین سر جلاؤنگی بلکہ اوسکا گہر کا گہر
خاک مین ملاؤنگی لوگ ڈر گئے اور آگ کو بجہا دیا اور بہرام کو نکالکر شہزادیکے حوالہ کیا اوسکو ہمراہ لیکر
ایک باغمین جا اوتری پہر تاج الملوک کو اور اوسی وہان چہوڑا آپ مظفر شاہ اور حسن آرا کے پاس گئی جاکے
سلام کیا اونہون نے اوسکا سر چہاتی سے لگایا خیر و عافیت پوچہی اور آنیکی حقیقت بکاؤلی نے کہا کہ میرا
بے اختیار آنیکو اور جی جان سے دیکہنے کو جی چاہتا تہا اسلئے سوا خیر تہی لیکن راہ مین عجب ماجرا دیکہا ہے
کہ میرے شوہر کے وزیرزادیکو لوگ جلایا چاہتے تہے اگر مین نہ آتی اور ایکدم کا توقف ہوتا تو جلکر خاک ہو
جاتا اور ماں باپ کو دنیا سے کہو جاتا اگرچہ مرنا سب کا برا ہے خصوصاً ایسے جوان شکیل کا فی الواقع بے تقصیر
ایسی ہوئی تہی لیکن اسطرح کی سزا اب فایدہ نہین رکہتی جو کچہ ہونا تہا سو ہوچکا ہے حسن نے کہا کہ آپ
نے اوسے مار ڈالا لیکن کلنک کا ٹیکا تو نہ مٹے گا اب لوگ تو سب جانتے ہین پہر ہزارون جانینگی اس سے بہتر یہ ہے
کہ اوسکی تقصیر معاف کیجیگا اور روح افزا کو اوسکے ساتہہ بیاہ دیجیئے کیونکہ بہرام نہایت طرحدار اور
قابل ہے کچہ اسمین مضایقہ نہین وزیر اور بادشاہ مین ہمیشہ سے رشتہ ہوتا اور جو انسان کو آپ
حقیر جانتے ہین تو پہر مجہکو کیون تاج الملوک کے ساتہہ بیاہ دیا اور تمہین کیا فرق ہے مظفر شاہ نے یہ
باتین سنکر سر جہکا لیا اور کہا بہت بہتر مختار ہو پہر وہان سے بکاؤلی روح افزا کے پاس آئی دیکہا کہ وہ آنکہون مین
آنسو بہرے سر جہکائے منہ پہلائے بیٹہی ہے ہنسکر کہنے لگی واہ واہ ری گہنی کہان جاکر سرنگ لگائی
تہا مانگے تجہے اور ... تیری ... بس اوٹہہ کہڑی ہو دل کہولکر ملو اور ہمیشہ عیش کیجیو روح افزا

باتون سے سکا اکرادسے شہ سپہی اور بلائین لیکر گلو سے لپٹ گئی تمام رات تو بکاولی وہان رہی صبح کو وقت روح افزا کو
مظفر شاہ اور حسن آرا کے پاس لیگئی تقصیر معاف کروائی بہرام سکو باتوین بتہاکر تاج الملوک اور بہرام کو لیکر
خیمہ ارم مین جاکر پہنچے اور یہ ماجرا من وعن اپنے ماں باپ کے گوش گزار کیا بہرام نے درخواست کی کہ وہ جس
دہوم سے تاج الملوک کو بیاہ لائے تھے اسیطرح تم بہی بہرام کو بیاہنے چلو اور کوئی دقیقہ فروگذاشت نکرو جیسا کچہ
اونہون نے جیسی ہی مہمانداری اور تیاری اندر باہر کی اور تجمل سے بہرام کو خلعت شاہانہ اور جواہر پہنا کے پہولونکا
سہرا باندہکر بیٹے کر دھوم سے خیمہ فردوس کو روانہ ہوئی وہانکی تیاری کا کیا کہنا ہے یہ ہی کمینہ کا تجمل زبان کیا
بیان کرے اور قلم کب لکھ سکے غرض مظفر شاہ کیطرف کے لوگون نے براتیون کو اور دولہا کو لیجاکر نہایت تعظیم و تواضع سے
محلس شاہانہ مین لے آئے اور زنانی سواریون کو اوسی طرح سے اوتروا کر بڑی تعظیم اور تواضع سے حسن آرا کے
دالان محلس شاہانہ مین بٹہایا پہر رات تک اندر باہر ناچ رنگ کی صحبت رہی آتش بازی انواع و اقسام کی چھوٹی
خاندانکے دستور کے موافق اوس پری پیکر کا نکاح اوس رشک قمر کے ساتھ بندہوا دیا ہار اور پان دینے کے بعد
رسم و رسم کیواسطے محل مین بھجوایا بکاولی بہی ہمجولی کی طرح بہرام کے ساتھ گئی اور ٹوٹکے کرتی ہوئے
اوسکی طرف سے خوب چہل کی پہر آرسی مصحف دکہایا اور دولہا کو دولہن کو جہوٹا شربت پلا اوسکی بعد مظفر شاہ
اور حسن آرا نے روح افزا کو بہت سا جہیز ونقد وجنس لونڈی غلام دیکر بہ تجمل تمام رخصت کیا جب اکثر
روز سے فیروز شاہ اور تاج الملوک لئے ہوئے شاد و خرم خیمہ ارم مین داخل ہو گئی وہان سے
بکاولی اور تاج الملوک روح افزا اور بہرام کو اوسی طمطراق سے لیکر ملک نگارین کو روانہ ہوئے تہوڑے عرصے مین
جا پہنچے بہرام کے ماں باپ کو بلوا کر تمام قصہ کہکر سنایا اور دونون کا دیدار دکہایا وہ بہو بیٹے کو
دیکہکر بہت شاد ہوئے اور بکاولی کے جان و دل سے ممنون احسان ہوئے من بعد وزیر محلس شاہانہ کی وہان
تیار کی بادشاہ کو بہار لے آیا اور جتنے چہوٹے بڑے امیر تہے اونکو بہی بلایا جسقدر اہل طرب شہر مین تہے
اونکو طلب کیا غرض کئی دن

دن تک ناچ رنگ کی صحبت رہی مہمانداری عجوبی کی بادشاہ اور بادشاہزادے کی حضور میں سینکڑوں کشتیاں جواہر اور پوشاک کی رکھیں اور محل میں بھی اوسی قبیل سے بھجوائیں انعام اور اکرام لوگوں کو بہت سا دیا نقد و جنس شاہانہ شایستہ. اسکی حضرت اعلی قلعہ مبارک میں تشریف لیگئے سب مہمان بھی رخصت ہوئے بکاولی نے حمالہ کو کہلا بھیجا کہ جلدی میرا باغ اور محل کو اوکھڑوا کر یہاں سے لے آؤ وہ دو چار ہی دن کے عرصے میں لیکر پہنچے فی الفور متصل اپنے دولتسرا کے نہایت آراستگی کے ساتھ قایم کرکے روح افزا اور بہرام کے حوالے کیا الحمد للہ خدا کے فضل سے سب شاد ہوئے اور عجوبی آباد ہوئے

اشعار

یہ جشن جب طرح کیا دلکشا و	ہماری بھی وہی یا الٰہی مراد	یہ قصہ ہوا جب عجوبی تمام
تو پھر قلم تاریخ تھی صبح شام	کیا ایک سنی میں آواز غیب	کہی مذہب عشق تاریخ نام
تاریخ عیسوی	ہوئی پھر یہ خواہش کہ کلک زبان	کریں عیسوی سال کو بھی بیان
تو پھر ہاتف غیب نے دی صدا	کہا سن ہے عشق میں کرے آ	کہے شعر جام کر اختیار
	نور زمان و صبح آشکار	

الحمد للہ و المنہ کہ نسخہ خوش اسلوب داستان مرغوب مسمی بہ مذہب عشق

معروف گل بکاولی مطبع فلکنگس پریس

واقع شاہجہان آباد متصل کشمیری

دروازہ باہتمام منشی [illegible]

بماہ اپریل ۱۸۶۳ [illegible]

[illegible] صاحب [illegible]

حسب فرمائش لالہ [illegible] تاجر کتب دہلی